4920CH11

# فیض احمد فیضؔ

(1984 – 1911)

فیض احمد نام، فیضؔ تخلص تھا۔ سیالکوٹ کے ایک گاؤں میں پیدا ہوئے۔ ابتدائی تعلیم چرچ مشن اسکول، سیالکوٹ سے حاصل کی۔ انگریزی میں ایم۔اے کرنے کے بعد کالج میں لیکچرر ہو گئے۔ فیضؔ کا انتقال لاہور میں ہوا۔

فیضؔ نے غزل کی کلاسیکی روایت سے استفادہ کیا اور اسے انقلابی فکر سے ہم آہنگ کر کے ایک بالکل نیا رنگ پیدا کیا۔ ترقّی پسند شاعروں میں فیضؔ غزل اور نظم دونوں کے مقبول شاعر ہیں۔ اپنی انقلابی سرگرمیوں کی وجہ سے انھیں کئی بار جیل بھی جانا پڑا۔ انھوں نے جلاوطنی کی زندگی بھی گزاری۔ حق و انصاف کے لیے وہ برابر آواز اُٹھاتے رہے۔ ان کی شاعری میں دردمندی، دل آویزی اور تاثیر ہے۔ ان کے کلام کے ترجمے مختلف زبانوں میں ہو چکے ہیں۔ ان کے شعری مجموعے 'نقشِ فریادی'، 'دستِ صبا'، 'زنداں نامہ'، 'دستِ تہہِ سنگ'، 'سرِوادیِ سینا'، 'شامِ شہرِ یاراں'، 'مِرے دل مِرے مسافر' ہیں۔ ان کا کلّیات 'نسخہ ہائے وفا' کے نام سے شائع ہوا ہے۔ نثر میں 'میزان'، 'رہ و رسمِ آشنائی' اور 'صلیبیں مرے دریچے میں' ان کی معروف کتابیں ہیں۔

© NCERT not to be republished